Fikr-o-Nasar (Islamabad) 19:1 (1981)
© rasailojaraid.com



# نقــــد و تبصرہ

(تبصرے کے لیے دو نسخے ارسال فرمائیے)

## ماہنامہ ندائے سنت لکھنؤ

زیـــر ادارت - عبد العلیم فاروقی
زیـــر اہتمام - دارالمبلغین لکھنؤ

بدل اشتراک - سالانہ ۱٦ روپے ، ششماہی ۹ روپے ، فی شمارہ پونے دو روپے ہندوستانی۔ پاکستان سے - ۳۵ روپے ہندوستانی یا ۴۵ روپے پاکستانی - ممالک غیـر سے۔ بحری ڈاک ۳ پونڈ ، ہوائی ڈاک ٦ پونڈ -

پتـــــا - پاٹا نالہ - لکھنؤ ۲۲٦۰۰۳ - یو پی - انڈیا -

دار المبلغین لکھنؤ کا ترجمان یہ رسالہ قرآن وحدیث کی روشنی میں اسلامی تعلیمات کی اشاعت کے علاوہ نعت و منقبت اور مدح صحابہ جیسے موضوعات پر بھی دلچسپ اور مفید معلومات اور صحیح نقطہ نظر کا حامل مواد پیش کرتا ہے۔ دسمبر ۱۹۸۰ کا شمارہ اس وقت ہمارے پیش نظر ہے۔ اس میں سب سے پہلے صفحہ اول پر "اسلام کی بے نظیر تعلیمات" کے زیر عنوان قرآن مجید کی منتخب آیات اور احادیث بصورت ترجمہ درج کی گئی ہیں - اس کے بعد اداریہ اور پھر مضامین اور نظمیں ہیں - مضامین میں "حج کی اخلاقی اہمیت" ، "قرآن کیا ہے" ، "صحابہ کرام اور ان کا عالی مقام" اور "شہید محراب" جیسے عنوانات شامل ہیں -

(شرف الدین اصلاحی)

© rasailojaraid.com